باب نمبر۲۲

Chapter 22

# تعزیت، نمازِ جنازہ زیارت قبور سے متعلق دعائیں

# SUPPLICATIONS FOR FUNERAL, CONDOLENCE AND VISITING OF GRAVES

## ۲۶۵.زندگی کے آخری لمحات کی دعا

باب نمبر۲۱، دعانمبر۲۵۹ دیکھیں

## 265.Supplication for a patient in their last moment

Please see chapter 21 , supplication No. 259

## ۲۶۶.مصیبت اور غم کی خبر سننے پر دعا

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِی اللّٰه عَنْهَا قَالَتْ ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ تُصِيْبُهُ مُصِيْبَةٌ ، فَيَقُوْلُ،مَا اَمَرَهُ اللّٰهُ''**اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ أَجُرْنِیْ فِیْ مُصِيْبَتِیْ، وَاخْلُفْ لِیْ خَيْرًا مِنْهَا''.** (مسلم)

حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' جب کسی مسلمان کو مصیبت پہنچے اور وہ یہ دعا مانگے جس کا اللہ نے حکم دیا ہے،'' ہم سب اللہ کے لئے ہیں، اور ہم سب کو اسی کی طرف پلٹنا ہے، یا اللہ! مجھے مصیبت کے بدلے بہتر اجر دے، اور اس سے بہتر بدل عطا فرما''، تو اللہ اس کو پہلے سے بہتر بدل عطا فرمائے گا۔'' (مسلم)

## 266.Supplication for recieving of sad and disstressed news

Umme Salmah رضی اللہ عنہا narrated: The Messenger of Allah ﷺ said, " whenever a Muslim is disstressed, he should recite this supplication which Allah has ordained: "We all for Allah, to Him we all return, O Allah give me rewards in exchange for this disstress,and give me better than this. Then Allah will give him a better abode than this." (muslim)

## ۲٦۷ . میت کے وارثوں سے تعزیت

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهَا قَالَتْ، دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ ،عَلٰی اَبِیْ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ ،وَقَدْ شَقَّ بَصَرَهُ ،فَاَغْمَضَهُ، ثُمَّ قَالَ، اِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ تَبِعَهُ الْبَصَرُ،فَضَجَّ نَاسٌ مِنْ اَهْلِهِ، فَقَالَ، لَا تَدْعُوْا عَلٰی اَنْفُسِكُمْ، اِلَّا بِخَیْرٍ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ یُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی مَا تَقُوْلُوْنَ، ثُمَّ قَالَ، **" اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَبِیْ سَلَمَةَ، وَ ارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِی الْمَهْدِیِّیْنَ، وَاخْلُفْهُ فِیْ عَقِبِهٖ فِی الْغَابِرِیْنَ، وَاغْفِرْلَنَا، وَلَهُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ، وَافْسَحْ لَهُ فِیْ قَبْرِهٖ، وَنَوِّرْ لَهُ فِیْهِ."** (مسلم)

حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (ہمارے گھر) تشریف لائے۔اس وقت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی آنکھیں پتھرا چکی تھیں۔نبی اکرم ﷺ نے ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی آنکھیں بند کیں اور فرمایا''جب روح قبض کی جاتی ہے تو نظر اسکے تعاقب میں جاتی ہے۔'' گھر والے اس بات پر رونے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا''اپنے مرنے والوں کے حق میں بھلی بات کہو کیونکہ جو کچھ تم کہتے ہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں'' پھر نبی اکرم ﷺ نے (ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے حق میں) یہ دعا فرمائی''یا اللہ! ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کو بخش دے، ہدایت یافتہ لوگوں

میں اس کا مرتبہ بلند فرما، اور اسکے پسماندگان کی نسل سے اس کا جانشین پیدا فرما، یارب العالمین! ہم سب کو
،اور مرنے والے کو معاف فرما، میت کی قبر کشادہ کر دے، اور اسے نور سے بھر دے۔'' (مسلم)

## 267. Supplication to give condolences to a deceased's family:

Umme Salmahرضی اللہ عنہا narrated: The Messneger of Allahﷺ came to (our house) at the time of the death of Abu Salmah رضی اللہ عنہ. He closed Abu Salmah'sرضی اللہ عنہ eyes and said, "When the deceased's soul leaves their body, their eyes follow it." The family of Abu Salmahرضی اللہ عنہ began to cry upon hearing this and so the Messenger of Allahﷺ said, "Say good tings about your deceased because the angels are saying 'Ameen' to whatever you say." Then the Messenger of Alla h ﷺsaid this supplication (for Abu Salmahرضی اللہ عنہ): "Oh Allah! Forgive Abu Salmah and increase his status amongst the righteous people and bless his family with another like him. O Lord of the Heavens! Forgive us and him and fill the deceased's grave with light and make it wide for him." (Muslim)

## ۲۶۸۔حضورﷺ کی اپنی بیٹی زینب رضی اللہ عنہا کو تسلی

اِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ ،وَ لِلّٰهِ مَآ اَعْطٰى ،وَ كُلُّ شِىْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ.

(بخاری ، مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، عن اسامہ بن زید رضی اللّٰہ عنہما )

بیشک جواللہ نے لے لیاوہ اس کا ہےاور جواس نے دیا وہ اسی کا ہےاور ہرایک کا اس کے پاس وقت مقرر ہے
(جو بےصبری یا کسی تدبیر سے بدل نہیں سکتا، لہٰذا صبر کرنا چاہئے اور ثواب کی امید رکھنی چاہئے۔
ان الفاظ کے ذریعہ حضور اقدس ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو تسلی دی تھی۔

## 268. Prophet Muhammad's ﷺ empathy to his daughter Zainab رضی اللہ عنہا

Surely Allah takes what is His, and what He gives is His, and to all things He has appointed a time so have patience and be rewarded.

The Prophet ﷺ tried to console his daughter, Zainab رضی اللہ عنہا in these words. (Mishkat)

## ۲۶۹. نماز جنازہ پڑھنے کا مسنون طریقہ

۱۔ مسلمان میت کی نماز جنازہ ادا کرنا فرضِ کفایہ ہے، یہ نماز، زندوں پر میت کا ایک اہم حق ہے۔
۲۔ یہ دراصل مرنے والے کیلئے دعائے مغفرت اور سفارش ہے۔ اس میں نہ رکوع ہے نہ سجدہ۔
۳۔ نماز جنازہ میں چار، پانچ، تکبیروں سے لیکر نو تکبیروں تک پڑھی جاسکتی ہے، ہر طریقہ نبی اکرم ﷺ سے ثابت ہے، البتہ چار تکبیروں سے متعلق احادیث کثیر اور قوی ہیں۔ (بخاری، نسائی)
۴۔ پہلی تکبیر کے بعد سورۃ فاتحہ اور کوئی دوسری سورۃ ملانا بھی جائز ہے۔ (بخاری، نسائی)
۵۔ دوسری تکبیر کے بعد درودِ ابراہیمی۔ (بیہقی)
۶۔ تیسری تکبیر کے بعد میت کی بخشش کے لئے مسنون دعائیں پڑھنی چاہئے، جو آگے دی جارہی ہیں۔
۷۔ چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیرنا۔

## 269. Method of performing the funeral prayer according to the Sunnah

1.It is an obligatory duty for a deceased Muslim to be given a funeral prayer.

2.It is an important right of the deceased for the living to carry out. There is no Ruku or Sajood in the prayer.

3.The funeral prayer can contain four or five to nine takbeeraat; each method is proven by the Sunnah of the Prophet of Allah ﷺ, with the prayer with four takbeeraat having the most aunthentic Ahadeeth to support it. (Bukhari,Nisai)

4.After the first takbeer, recite Surah Fatiha (an additional Surah can also be recited) (Bukhari,Nisai)

5. After the second takbeer, recite Darood-e-Ibrahim. (Behqi)

6.After the third takbeer, make supplication for the forgiveness of the deceased (you will find these supplications on the coming pages)

7.After the fourth takbeer, end the funeral prayer with Salam. (Behqi)

## ۲۷۰۔نماز جنازہ پڑھنے کی فضیلت

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ،قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ **شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتّٰى يُصَلّٰى فَلَهُ قِيْرَاطٌ ، وَمَنْ شَهِدَ حَتّٰى تَدْفَنُ كَانَ لَهُ قِيْرَاطَانِ،** قِيْلَ وَمَا الْقِيْرَاطَانِ؟ قَالَ **" مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ الْعَظِيْمَيْنِ "** (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص جنازے میں شامل ہوا اور نماز پڑھے، اسے ایک قیراط ثواب ملتا ہے، اور جو شخص میت دفن کرنے تک موجود رہے اسے دو قیراط کا ثواب ملتا ہے'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ قیراطان کا کیا مطلب ہے؟'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''دو قیراط کا ثواب دو بڑے پہاڑوں کے برابر ہے''۔ (بخاری)

## 270. Benefits for attending funeral prayer

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ said, "The person that attends and prays at a funeral recieves one 'keerat' of rewards, and the person that attends the funeral and stays till the burying of the deceased, he recieves two 'keerat' of rewards." Then the Companions رضی اللہ عنہم expressed," Oh Messenger of Allah ﷺ what does 'keerataan' mean?" To this the Messenger of Allah ﷺ replied, "Two 'keerat' of rewards is equivalent to two big mountains". (Bukhari)

## نماز جنازہ میں میت کیلئے دعائیں

### ۲۷۱۔ پہلی دعا

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ،اِذَا صَلّٰى عَلَى الْجَنَازَةِ قَالَ،

**''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِحَيِّنَا،وَمَيِّتِنَا،وَ صَغِيْرِنَا، وَكَبِيْرِنَا، وَذَكَرِنَا، وَاُنْثَانَا، وَشَاهِدِنَا، وَغَآئِبِنَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا،فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا، فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ، وَ لَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ''.**

(ابوداؤد ، ترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کوئی جنازہ پڑھتے تو یہ دعا فرماتے ''یا اللہ! تو

ہمارے زندوں کو بخش دے، اور ہمارے مردوں کو، اور ہمارے چھوٹوں کو، اور ہمارے بڑوں کو، اور ہمارے مردوں اور عورتوں کو ہما، رے حاضروں کو اور ہمارے غائبوں کو، اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ، اور ہم میں سے جسے تو موت دے اسے ایمان پر دے۔ اے اللہ! ہمیں اسکے ثواب سے محروم نہ فرما اور اسکے بعد ہمیں گمراہ نہ فرما۔

## 271.Supplication for the deceased in the funeral prayer

### First supplication:

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated : The Messenger of Allah ﷺ recite this supplication in funeral prayer: "O Allah! Forgive our living and our dead, those who are with us and those who have passed away, our young and our old, our menfolk and our womenfolk. O Allah! whomever you give life among us, give him life in Islam, and whomever you take away from us, take him away in faith. O Allah! Do not forbid us from their reward and do not send us astray after them."

(Abu Dawud, TIrmidhi)

### ۲۷۲۔دوسری دعا

عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ، صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَى فَحَفِظْتُ مِنْ دُعَائِهِ وَهُوَ يَقُوْلُ،

”اَللّٰهُمَّ اغْفِرْله‘ وَارْحَمْه‘ وَعَافِهٖ ،وَاعْفُ عَنهُ، وَاَكْرِمْ نُزُلَه‘ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ ،وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ، وَالثَّلْجِ، وَالْبَرْدِ، وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا ،كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ ،وَاَبْدِلْهُ دَارًاخَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ ،وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ ،وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ ،

وَاَعِذْهُ مِّنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ النَّارِ“ (صحیح مسلم)

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک جنازے کی نماز پر جو دعا پڑھی وہ میں نے یاد کرلی، آپ ﷺ نے دعا یوں فرمائی، ”اے اللہ! اس کو بخش دے۔ اور اس پر رحم فرما اور اسے عافیت دے اور اس سے درگزر فرما اور اس کی مہمان نوازی بہترین کر اور اس کی قبر کشادہ کر اور اسے پانی، برف اور اولوں سے دھوڈال اور گناہوں سے ایسا صاف کر جیسے سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے اور اسے اس کے گھر سے بہتر گھر عطا فرما اور اسے (دنیا کے) اہل سے بہتر اہل عطا فرما اور اسے (دنیا کے) ساتھی سے بہتر ساتھی عطا فرما اور اسے جنت میں داخل کر اور اسے قبر کے عذاب اور جہنم کے عذاب سے بچا۔
(صحیح مسلم)

## 272. Second supplication

Auf bin Malik رضی اللہ عنہ narrated: At a funeral The Messenger of Allah ﷺ recited a supplication which I memorised and had been recited as such: "O Allah! Forgive this servant of Yours, and have mercy on him, and give him strength and pardon him. Be generous to him, and cause his entrance to be wide, and wash him with water, ice and hail. Cleanse him of his transgressions as white cloth is cleansed of stains. Grant him a better abode in the Hereafter than the abode of this world, and a family better than he has known, and a better spouse than the spouse here. Take him into Paradise and save him from the punishment of the grave and punishment of Hell fire."

(Muslim)

## ۲۷۳۔ تیسری دعا

"اَللّٰھُمَّ عَبْدِکَ ،وَابْنُ عَبْدِکَ، کَانَ یَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُک اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ، اِنْ کَانَ مُحْسِنًا، فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِهٖ ،وَاِنْ کَانَ مُسِیْئًا، فَاغْفِرْ لَهٗ، وَ لَا تَحْرِمْنَآ اَجْرَهٗ، وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ."

(ابن حبان،عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ)

اے اللہ! یقیناً یہ تیرا بندہ ہے اور تیرے بندے کا بیٹا ہے۔ یہ گواہی دیتا تھا کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یقیناً محمد ﷺ تیرے بندے اور رسول ہیں اور تو ہی اسے مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ اگر وہ اچھا تھا تو اس کی اچھائیوں میں اضافہ فرما۔ اور اگر یہ برا تھا تو اسکی مغفرت فرما، اور ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر اور اس کے بعد ہمیں فتنے میں مبتلا نہ کرنا۔ (ابن حبان،عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

## 273. Third supplication

" O Allah! For sure this is Your slave, son of Your slave and he testifies that there is no God but You and that Muhammad ﷺ is Your slave and Messenger and You know it best. O Allah! If he is a believer, increase him in his good deeds and if he is bad,forgive him, and do not deprive him of rewards and do not test us after this."

## ۲۷۴۔ چوتھی دعا

اَللّٰھُمَّ عَبْدُکَ ،وَابْنُ اَمَتِکَ، کَانَ یَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ ،وَ یَشْھَدُ اَنَّ

مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ ،اَصْبَحَ فَقِيْرًا اِلٰی رَحْمَتِکَ ،وَ اَصْبَحْتَ غَنِيّاً مِّنْ عَذَابِهٖ ،تَخَلّٰی مِنَ الدُّنْيَا وَ اَهْلِهَا، اِنْ کَانَ زَاکِيًّا فَزَکِّهٖ ،وَ اِنْ کَانَ مُخْطِئًا ،فَاغْفِرْ لَهُ ،اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَه‘ ،وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَه‘ (حاکم)

اے اللہ! یہ تیرا بندہ ہے، اور تیری بندی کا بیٹا ہے، یہ گواہی دیتا رہا ہے کہ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو تنہا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، اور یہ گواہی دیتا رہا ہے کہ، حضرت محمد ﷺ تیرے بندے، اور تیرے رسول ہیں، یہ شخص تیری رحمت کا محتاج ہے، اور تُو اس کو عذاب دینے سے بے نیاز ہے، یہ دنیا اور اہلِ دنیا کو چھوڑ کر چلا گیا، اگر یہ پاک صاف تھا تو اسے اپنی رحمت کے ذریعہ اور پاک صاف بنادے اور اگر خطا کار تھا تو اس کی مغفرت فرما، اے اللہ! ہمیں اسکے ثواب سے محروم نہ فرما، اور اسکے بعد ہمیں گمراہ نہ فرما'' (حاکم)

## 274.Fourth, Supplication

"O Allah ! For sure this is Your slave, son of Your slave (female) and he testifies that there is no God but You and that Muhammad ﷺ is Your slave and Messenger and You know it best. He needs Your mercy and is free from Your torment at Your will. He has left the world and its peoples. If he was pure and clean (in this world) then make him pure and clean.If he was wrongdoer, forgive him. O Allah do not deprive him of rewards and do not test us after this" (Hakim)

## ۲۷۵۔پانچویں دعا

اَلـلّٰهُـمَّ ،اِنَّ فُلَانَ ابْـنَ فُلَانٍ فِـیْ ذِمَّتِکَ , وَحَبْلِ جُوَارِکَ فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ ،وَعَذَابِ النَّارِ ، وَ اَنْتَ اَهْلُ الْوَفَآءِ وَالْحَقِّ. اَللّٰهُمَّ، فَاغْفِرْلَه، وَارْحَمْهُ ،اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُالرَّحِیْمُ. (ابو داؤد، ابن ماجه)

” اے اللہ! فلاں کا بیٹا فلاں تیرے ذمّہ ہے،اور تیری پناہ میں ہے، پس تو اسے بچادے،قبر کے فتنے سے،اور دوزخ کے عذاب سے،تو وعدہ پورا فرمانے والا ہے اور تو حق والا ہے۔اے اللہ! تو اسکی مغفرت فرما،اس پر رحم فرما، بیشک تو بخشنے والا اور بہت مہربان ہے“ (ابوداؤد،ابن ماجہ)

## 275.Fifth, Supplication

" O Allah! Someone's son put in Your responsibility and he is in Your refuge.Save him from the torment of the grave and the punishment of Hellfire. You are One who fulfil His promise and You are the Truth. O Allah! Forgive him and have mercy on him ,You are the Most Mercyful and Most Gracious."

## ۲۷۶۔چھٹی دعا

اَلـلّٰهُمَّ عَبْدُکَ ،وَابْنُ اَمَتِکَ ،اِحْتَاجَ اِلٰی رَحْمَتِکَ، وَاَنْـتَ غَـنِـیٌّ عَـن عَـذَابِـهٖ ،اِنْ کَـانَ مُحْسِنًـا فَزِدْنِیْ اِحْسَـانِـهٖ ،وَ اِنْ کَـانَ مُسِیْـئًـا ، فَتَجَـاوَزْعَنْـهُ. (حاکم)

”اے اللہ! تیرا بندہ،اور تیری بندی کا بیٹا،تیری رحمت کا محتاج ہے،تو اسکو عذاب دینے سے بے نیاز ہے،اگر وہ اچھا تھا تو تُو اسکی بھلائیوں میں زیادتی فرما،اور اگر وہ بُرے کام کرنے والا تھا تو اسکو معاف فرما“(حاکم)

## 276. Sixth, Supplication

"O Allah forgive this servant of Yours.He is at the will of Your mercy and is free from Your torment at Your will and if he was good, increase him in his good deeds and if he was bad,ignore his bad deeds. ( Hakim)

## ۲۷۷۔میت قبر میں رکھتے وقت کی دعا

عَنْ عَبْدُاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ اِذَا اُدْخَلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ قَالَ، ''بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ'' (مسند احمد،ابن ماجه)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ میت کو قبر میں اتارتے وقت یہ دعا پڑھتے ''اللہ کے نام سے اور رسول اللہ ﷺ کے طریقہ پر (ہم اسے قبر میں اتارتے ہیں)'' (احمد،ابن ماجہ)

## 277. Suppliction for burying the deceased in their grave-1

Abdullah Ibn Umar رضی اللہ عنہما narrated: The Messenger of Allah ﷺ recite this while burying deceased one in his grave: "In the name of Allah and the way of the Messenger of Allah ﷺ, we place the deceased in their grave." ( Musnad Ahmed, Ibn Majah)

### دوسری دعا

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَ فِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰی بِسْمِ اللّٰهِ وَفِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

(حاکم)

''ہم نے اسی زمین سے تمہیں پیدا کیا، اور اسی میں تمہیں لوٹائینگے، اور اسی سے تمہیں دوسری بار نکالیں گے، اللہ

کے نام کے ساتھ اور اس کی راہ میں، اور رسول اللہ کے دین پر سپرد خاک کرتا ہوں'' (حاکم)

## Second- Supplication

"We have given you birth from this soil,and We will return you to it again,and will bring you out of it again a second time. In the name of Allah and His way and in the way of the Messenger of Allahﷺ 's I bury you." ( Hakim)

## زیارت قبور کی دُعائیں

## ۲۷۸۔زیارت قبور کی پہلی دعا

عَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُعَلِّمُهُمْ ،اِذَا خَرَجُوْ، اِلَى الْمُقَابِرِ اَنْ يَّقُوْلُ قَائِلُهُمْ،

**''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدَّيَارِ،مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَالْمُسْلِمِيْنَ وَ اِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَلَاحِقُوْنَ نَسْئَلُ اللّٰهُ،لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ ،اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ،وَّنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ''**

(مسند احمد، مسلم، نسائی )

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب لوگ قبرستان جانے کیلئے نکلتے تو رسول اللہ ﷺ زیارت قبور کے لئے یہ دعا سکھایا کرتے تھے ''سلام ہو تم پر اے یہاں کے بسنے والو! جو اہل ایمان اور اہل سلام ہیں اور بلا شبہ انشاء اللہ ہم بھی تم سے ضرور ملنے والے ہیں اللہ تعالیٰ سے تمہارے لیے اور اپنے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔تم ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم تمہارے بعد آنے والے ہیں۔

(اَنْتُمْ سے لے کر آخر تک کے الفاظ نسائی میں ہیں)

## 278. First Supplication for visiting the graveyard

Buraidahرضی اللہ عنہ narrated: Whenever people would be going to the graveyard, the Messenger of Allahﷺwould teach them this supplication for visiting graves: "Peace be upon you, the

dwellers of these abodes, the truthful believers and Muslims! Allah willing, we are going to join you too. We pray to Him and beseech Him for peace and safety for ourselves and for you".
(Muslim, Nisai، Ibn Majah)

## ۲۷۹۔زیارت قبور کی دوسری دعا

”اَلسَّلَامُ عَلٰی اَهْلِ الدِّيَارِ، مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ،
وَالْمُسْلِمِيْنَ ،وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا،
وَالْمُسْتَاخِرِيْنَ ،وَ اِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ‘

(**مسلم، نسائی، ابن ماجه، عن عائشة** رضی اللّٰه عنها)

سلام ہو یہاں کے رہنے والوں! مسلمانوں اور مومنوں پر اللہ رحم فرمائے ہم میں سے پہلے جانے والوں پر اور بعد میں جانے والوں پر اور بیشک ہم انشاءاللہ تمہارے ساتھ ضرور ملنے والے ہیں۔

## 279. Second supplication for visiting the Graves

Peace be upon you, people of this abode, from among the believers and those who are Muslims. May Allah have mercy on the first of us and the last of us, by the will of Allah, we shall be joining you". (Muslim, Nasai, Ibn Majah)

## ۲۸۰۔زیارت قبور کی تیسری دعا

”اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ،وَاَتَاكُمْ مَّا
تُوْعَدُوْنَ غَدًا مُّؤَجَّلُوْنَ، وَ اِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ
لَاحِقُوْنَ“ (**ابوداؤد ، عن ابو هريرة** رضی اللّٰه عنه)

”تم پر سلام ہو یہاں کے رہنے والو مومنو! اور تمہارے پاس وہ چیز آ گئی ہے جس کا کل آنے کا تم سے وعدہ کیا جاتا

تھا اور اسکا وقت مقرر تھا اور ہم بیشک انشاءاللہ تم سے ملنے والے ہیں۔ سلام تم پر اے جہان کے رہنے والو مومنو!
اور بیشک انشاءاللہ ہم تم سے ملنے والے ہیں''. (ابوداؤد)

## 280.Third Supplication for visiting the Graves

"Asslam-o-Alaikum O' believers who live here, you have received the thing that you were promised, for it had an appointed time. For sure, God willing we are going to meet you. Peace be upon you, O' believers of this world and for sure we are going to meet you." (Abu Dawud)